پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

رائے عامہ سروے

## ہسٹری پولز

# 1991 میں 21% جوابدہندگان کی نسبت 2022 میں 33% جوابدہندگان نے گزشتہ ایک سال کے دوران اپنے گھرانے کے کسی فرد کو ہسپتال میں داخل کروانے کی اطلاع دی۔

(گیلپ اور گیلانی پاکستان ہسٹری پروجیکٹ)،
(اسلام آباد)، 28 جولائی، 2022

سال 1991 میں کیئے گئے گیلپ اینڈ گیلانی پاکستان نیشنل سروے میں پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر منتخب بالغ خواتین و حضرات سے مندرجہ ذیل سوال پوچھا گیا تھا کہ " **برائے مہربانی بتائیں کہ خدانخواستہ گزشتہ ایک سال کے دوران آپ کے گھرانے یعنی شوہر، بیوی، بیٹا، بیٹی، بھائی، بہن باپ، ماں، دادا، دادی، ساس میں سے کسی فرد کو ہسپتال داخل ہونے کی ضرورت تو نہیں پڑی؟** "۔اس سوال کے جواب میں، 21% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ ''ہاں'' گزشتہ ایک سال کے دوران اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو ہسپتال داخل ہونے کی ضرورت پڑی، 78% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ ''نہیں'' گزشتہ ایک سال کے دوران اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو ہسپتال داخل ہونے کی ضرورت نہیں پڑی، جبکہ 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا تھا۔


**نتائج کا موازنہ:** یہ سوال 2022 میں دوبارہ پوچھا گیا تاکہ گزشتہ سالوں کے نتائج سے موازنہ کیا جاسکے۔ 2022 میں اس سوال کے جواب میں، 33% جوابدہندگان کے مطابق ''ہاں'' گزشتہ ایک سال کے دوران اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو ہسپتال داخل ہونے کی ضرورت پڑی، 65% جوابدہندگان کے مطابق ''نہیں'' گزشتہ ایک سال کے دوران اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو ہسپتال داخل ہونے کی ضرورت نہیں پڑی، جبکہ 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**گزشتہ سالوں کے نتائج کا موازنہ:** 1991 میں 21% جوابدہندگان کی نسبت 2022 میں 33% جوابدہندگان نے گزشتہ ایک سال کے دوران اپنے گھرانے کے کسی فرد کو ہسپتال میں داخل کروانے کی اطلاع دی، یہ اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ گھرانے کے کسی فرد کو ہسپتال میں داخل کروانے کی شرح میں 12% کا اضافہ ہوا ہے۔ 2015 میں اس حوالے سے سب سے کم شرح پائی گئی جس میں 13% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران اُنہیں اپنے گھرانے کے کسی فرد کو ہسپتال میں داخل کروانے کی ضرورت پیش آئی۔

گھرانے کے کسی فرد کو ہسپتال میں داخل کروانے کی ضرورت ایک سے زائد بار پیش آسکتی ہے اور یہ عمومی طور پر صحت کی صورتحال پر منحصر ہے۔ ہسپتال میں داخل ہونے والے افراد کی شرح میں حالیہ اضافہ کوویڈ-19 کے اضافے کی وجہ سے بھی ہو سکتا ہے۔ یہ صحت کی دیکھ بھال کے وسائل تک رسائی میں بہتری کی علامت بھی ہو سکتی ہے۔

اس پریس ریلیز کو گیلپ پاکستان کے تاریخی پراجیکٹ کے حصّے کے طور پر تشکیل دیا گیا ہے جس کا مقصد تاریخی تجرباتی اعداد وشمار کو وسیع تر سامعین تک پہنچانا ہے۔ مزید یہ کہ اس کا مقصد پاکستان میں عملی طور پر کی جانے والی فیصلہ سازی کو برقرار رکھنا اور اس کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

**" برائے مہربانی بتائیں کہ خدانخواستہ گزشتہ ایک سال کے دوران آپ کے گھرانے یعنی شوہر، بیوی، بیٹا، بیٹی، بھائی، بہن باپ، ماں، دادا، دادی، ساس میں سے کسی فرد کو ہسپتال داخل ہونے کی ضرورت تو نہیں پڑی؟ "**



## گیلپ پاکستان ہسٹری پروجیکٹ کا مقصد اور وجوہات:

بلال آئی گیلانی جو گیلپ پاکستان میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور گیلپ پاکستان ہسٹری پروجیکٹ کے ڈائریکٹر ہیں، اس پروجیکٹ کے مقصد کی وضاحت اس طرح کرتے ہیں: "گیلپ پاکستان 1979 (گذشتہ 40 سال) سے پاکستان میں سروے کر رہا ہے۔ اُس وقت سے لیکر گیلپ کے ہزاروں انٹرویورز نے اب تک لاکھوں کے قریب جوابدہندگان سے سروے کیے ہیں۔ 2014 میں، گیلپ پاکستان نے اپنے ماضی سے تعلق رکھنے والے اعداد وشمار نشر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کے تاریخی پروجیکٹ کا حصہ ہے۔ یہ تمام کوشش اُن افراد کے لیے وقف کی گئی ہیں جو پاکستان کے مسائل کو عملی طور پر سمجھنا چاہتے ہیں"۔ گیلپ پاکستان کے تاریخی پروجیکٹ کی مزید معلومات کے لیے، رابطہ کریں caf@gallup.com.pk

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

## Thursday, July 28, 2022

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating
42
years
of Gallup Pakistan
(1980-2022)